81199-بینک الجزیرہ کے بارے میں سوال

سوال

سعودی عرب کا بینک الجزیرہ سودی ہے یا اسلامی ؟

پسندیدہ جواب

ڈاکٹر محمد بن سعود العصیمی حفظہ اللہ
سے پوچھا گیا : بینک الجزیرہ میں ملازمت کا کیا حکم ہے ؟ اور اگر مجھے بینک الجزیرہ
سے ہٹ کر کسی اور جگہ ملازمت ملے تو کیا میں بینک الجزیرہ کی ملازمت چھوڑ دوں ؟

تو انہوں نے جواب دیا :

"اصل تو یہی ہے کہ بینک الجزیرہ میں
ملازمت جائز ہے ، اس لئے کہ انہوں نے تمام لین دین کو اسلامی بنانے کی پوری کوشش کی
ہے ، لیکن نصیحت کے طور پر میں یہ سمجھتا ہوں کہ آپ اپنے لئے شرط لگا لیں کہ میں
شریعت کونسل کے قوانین کے مطابق ہی کام کرونگا ، چنانچہ اگر آپکو کونسل کے قوانین کے
برخلاف کوئی کام کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے تو فوراً ملازمت نہ چھوڑیں ، بلکہ پہلے
شریعت کونسل کو اس بارے میں آگاہ کریں ، پھر ان سے تعلیمات لیں ۔

ہم اور دیگر افراد بہت ہی شدت سے اس
انتظار میں ہیں کہ کب بینک مکمل طور پر اسلامی بنے گا ، اور اللہ تعالی سے دعا ہے کہ
اس کام کا اہتمام کرنے والے تمام افراد کو بھلائی کی توفیق دے ۔ واللہ اعلم " انتہی

ماخوذ از :

http://www.halal2.com/ftawaDetail.asp?id=335

واللہ اعلم .